رہبر معظم انقلاب اسلامی کا آیت اللہ محجوب کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 30 /May/ 2020

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے متقی اور پرہیزگار عالم دین آیت اللہ شیخ ابو القاسم محجوب کے انتقال پر تعزیتی پیغام ارسال کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پرہیزگار اور متقی عالم دین آیت اللہ حاج شیخ ابو القاسم محجوب رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال پر مرحوم کے اہلخانہ، دوستوں، شاگردوں اور ارادتمندوں کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالی کی بارگاہ میں اس پرہیزگار اور متقی عالم دین کے درجات کی بلندی کی دعا کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای